## سوال

اگر میں اپنے مسلمان بھائی کو گناہ کرتے دیکھوں تو کیا اس کی تشہیر کروں ؟

## جواب

مسلمان بھائی کے عیوب کی پردہ پوشی السلام علیکم ورحمۃاللہ وبرکاتہ! سوال : اگر میں اپنے کسی مسلمان بھائی کو زنا، شراب نوشی، بدفعلی یا کوئی کبیرہ گناہ کرتے دیکھوں تو کیا اس کی تشہیر کروں یا خاموشی اختیار کرتے ہوئے اسے بعد میں اللہ کا خوف دلاؤں ۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃاللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! جواب : تشہیر کا طریقہ دعوتی نقطہ نظر سے مناسب نہیں ہے، اس سے وہ شخص سمجھنے کی بجائے مزید باغی ہو جائے گا اور ضد میں آپ کی بات سمجھ نہیں پائے ۔ آپ کو چاہیئے کہ آپ تنہائی میں اسے سمجھائیں اور اسے اللہ کا خوف دلائیں ۔ شاید کہ اللہ تعالی اسے ہدایت عطا فرما دیں ۔ اور اگر پھر بھی وہ باز نہ آ رہا ہو تو اس کے ورثاء اور علاقے کے ذمہ داران لوگوں تک بات کو پہنچائیں جو اسے اس سے باز رکھ سکیں ۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

**محدث فتویٰ کمیٹی**

دارالافتاء محدث